# آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## نوٹیفکیشن!

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان ثانوی سیکنڈ اینول 2025ء کا آغاز ماہ ستمبر 2025ء کے تیسرے ہفتہ سے ہونا متوقع ہے۔ Online داخلہ فارم فیڈ کرنے، HBL اور ڈاکخانہ میں فیس جمع کرنے کے بعد فارم داخلہ کی ہارڈ کاپی وفیس کا چالان / رسید درج ذیل شیڈول کے مطابق دفتر بورڈ میں وصول کیے جائیں گے۔ شیڈول حتمی تصور ہو۔ اس میں کسی قسم کی توسیع نہ ہو گی اور تیسرے مرحلے کے اختتام کے بعد کسی بھی صورت فارم داخلہ قابل قبول نہ ہوں گے۔

| آن لائن فارم فیڈنگ اور فیس داخلہ جمع کروانے کی تواریخ | فارم داخلہ / ہارڈ کاپی دفتر بورڈ میں دستی جمع کروانے کی آخری تاریخ | فارم داخلہ / ہارڈ کاپی بذریعہ ڈاک دفتر بورڈ میں وصول ہونے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 1۔ سنگل فیس 13-08-2025 تا 08-09-2025 (ریگولر / پرائیویٹ امیدواران) | 11-09-2025 | 13-09-2025 |
| 2۔ دوگنا فیس 09-09-2025 تا 15-09-2025 (ریگولر / پرائیویٹ امیدواران) | 18-09-2025 | 20-09-2025 |
| 3۔ تین گنا فیس 16-09-2025 تا 20-09-2025 (ریگولر / پرائیویٹ امیدواران) | 23-09-2025 | 25-09-2025 |

### اشراح فیس داخلہ ریگولر امیدواران

| گروپ | جماعت نہم | | | جماعت دہم | | | کمپوزٹ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | داخلہ فیس | پراسیسنگ فیس | ٹوٹل فیس | داخلہ فیس | پراسیسنگ فیس | ٹوٹل فیس | داخلہ فیس | پراسیسنگ فیس | ٹوٹل فیس |
| آرٹس گروپ (بغیر عملی مضمون / مضامین کے) | 1330 | 500 | 1830 | 1330 | 500 | 1830 | 2660 | 500 | 3160 |
| سائنس / ٹیکنیکل / آرٹس گروپ / عملی مضمون کے ساتھ | 1400 | 500 | 1900 | 1400 | 500 | 1900 | 2800 | 500 | 3300 |

### اشراح فیس داخلہ پرائیویٹ امیدواران

| گروپ | جماعت نہم | | | جماعت دہم | | | کمپوزٹ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | داخلہ فیس | پراسیسنگ فیس | ٹوٹل فیس | داخلہ فیس | پراسیسنگ فیس | ٹوٹل فیس | داخلہ فیس | پراسیسنگ فیس | ٹوٹل فیس |
| آرٹس گروپ (بغیر عملی مضمون / مضامین کے) | 1400 | 500 | 1900 | 1400 | 500 | 1900 | 2800 | 500 | 3300 |
| سائنس / ٹیکنیکل / آرٹس گروپ / عملی مضمون کے ساتھ | 1450 | 500 | 1950 | 1450 | 500 | 1950 | 2900 | 500 | 3400 |

**تاخیری جرمانہ**

1۔ ادارہ جات کی جانب سے ریگولر فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز تاخیر سے وصولی پر بیچ وائز جرمانہ لاگو ہو گا۔ پہلا مرحلہ میں -/2000 روپے، دوسرے مرحلہ پر -/3000 روپے تیسرے مرحلہ میں -/4000 روپے اور اس کے بعد زیادہ سے زیادہ جرمانہ -/5000 روپے تحت قواعد وصول کیا جائے گا۔

2۔ پرائیویٹ اُمیدواران سے تاخیری جرمانہ پہلا مرحلہ -/500 روپے، دوسرے مرحلہ میں -/1000 روپے، تیسرے مرحلہ میں -/1500 روپے اس کے بعد ہارڈ کاپی تاخیر سے وصول ہونے پر زیادہ سے زیادہ جرمانہ -/3000 روپے تحت قواعد وصول کیا جائے گا۔

## Online داخلہ کے سلسلہ میں خصوصی ہدایات

01 امتحان ثانوی فرسٹ اینول 2025ء و ماقبل شامل امتحان ہو کر کمپارٹمنٹ حاصل کرنے والے امیدواران، مکمل فیل ہونے والے امیدواران، مکمل پاس ہو کر بہتری نمبرات کے لیے اہل امیدواران اس امتحان میں تحت ضابطہ شامل ہو سکتے ہیں۔

02 جو پرائیویٹ اُمیدواران پہلے سے ثانوی سطح پر رجسٹرڈ نہیں ہیں اور وہ پہلی مرتبہ پرائیویٹ طور پر امتحان ثانوی پارٹ اوّل (9th) یا کمپوزٹ میں شرکت کر رہے ہیں وہ داخلہ فیس / پراسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن وسپورٹس فیس -/1300 + سند فیس -/500 روپے، سکالر شپ فیس -/200 اور رجسٹریشن پروسیسنگ فیس مبلغ -/500 روپے کل مبلغ -/2500 روپے بھی جمع کروائیں گے۔ ڈبل رجسٹریشن کروانا تحت قواعد غیر قانونی اور قابل مواخذہ ہے۔

03 ایسا امیدوار جو فرسٹ اینول امتحان ثانوی (جماعت دہم) میں شامل امتحان ہونے کا اہل تھا مگر کسی وجہ سے شامل امتحان نہ ہوا ہو وہ سیکنڈ اینول امتحان ثانوی میں بطور فریش امیدوار جماعت دہم / کمپوزٹ شامل امتحان ہو سکے گا۔

04 پہلی بار امتحان میں شامل ہونے سمیت فیل شدہ مضامین پاس کرنے کے لیے امیدوار کو چار مواقع (chances) میسر ہوں گے۔ امیدوار کو اجازت ہو گی کہ وہ امتحان کو چار (chances) میں پاس شدہ کم از کم مضامین کی تعداد کی شرط کے بغیر پاس کریں۔ امیدوار کو اجازت ہو گی کہ وہ جتنے مضامین میں فیل ہے انہی کا امتحان دے۔

05 ریگولر اُمیدواران کے فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز متعلقہ ادارہ کے پرنسپل صاحب / صدر معلم صاحب / صدر معلمہ صاحبہ جبکہ پرائیویٹ اُمیدواران کے فارم داخلہ کی ہارڈ کاپی درج ذیل آفیسران ہی تحت قواعد تصدیق کرنے کے مجاز ہیں۔ پرائیویٹ ادارہ جات کے سربراہان پرائیویٹ امیدوار یا کسی دوسرے ادارہ کے فارم / ہارڈ کاپیز تصدیق نہیں کر سکتے۔

i۔ آزاد کشمیر کی علاقائی حدود میں واقع سرکاری ہائی سکولز / کالجز کے صدر معلمین / صدر معلمات، پرنسپل صاحبان / صاحبات کالجز / ہائیر سیکنڈری سکولز / پروفیسرز / لیکچرارز۔

ii۔ آفیسر کمانڈنگ (صرف فوجی اُمیدواران کے لیے)　iii۔ سپرنٹنڈنٹ جیل (صرف قیدیوں کے لیے)

06 ریگولر اُمیدواران کے لیے فارم سربراہان ادارہ جات اپنے Online Account کے ذریعے رجسٹریشن کی طرح پہلے سے فیڈ شدہ رجسٹرڈ اُمیدواران کے ایڈمیشن فارمز کے مضامین کے گروپ وائز Batches بنائیں گے۔ ادارہ اپنی مرضی سے ایک یا ایک سے زائد Bathces بنا سکتا ہے Batch بنانے کے بعد صرف کمپیوٹرائزڈ چالان پر ہی فیس جمع ہو گی۔

07 تمام سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ڈیٹا (DATA) کو verify کرنے کے بعد ہی Admission Batch بنائیں۔ بصورت دیگر Batch کو Delete کرنے کی فیس مبلغ -/2000 روپے ہو گی جو صرف HBL آزاد کشمیر کی برانچز میں جمع کروا کر اصل چالان بورڈ کو مہیا کرنے کے بعد ہی Batch Delete ہو سکتا ہے۔

08 سربراہان ادارہ جات تمام فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز حاصل کر کے بعد از تصدیق ہارڈ کاپیز ریوینیولسٹ جمع شدہ فیس چالان کی نقول اپنے پاس ریکارڈ رکھ کر بورڈ ہذا میں اصل ہارڈ کاپیز بمعہ چالان بورڈ کاپی و ایڈمیشن ریوینیولسٹ ہمراہ کورنگ لیٹر بنام کنٹرولر امتحانات سکولز آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور ضلع میرپور مقررہ تاریخ کے اندر اندر ارسال کریں بصورت دیگر تحت ضابطہ تاخیری جرمانہ لاگو ہو گا۔ پرائیویٹ اُمیدواران بھی ہر لحاظ سے مکمل فارم مندرجہ بالا پتہ پر ارسال کرنے سے قبل ہارڈ کاپی اور جمع شدہ فیس چالان کی نقول اپنے پاس بطور ثبوت رکھ لیں۔

09 جماعت دہم کے ریگولر اُمیدواران کے داخلہ فارم کی پشت پر گریڈ فارم کی تکمیل صرف جماعت دہم کے امیدواران کے داخلی امتحانات نہم، دہم کی بنیاد پر ہی مرتب کی جائے۔

10 داخلہ فارم کا پرنٹ/ ہارڈ کاپیز اُسی وقت نکالی جائے جب کسی اُمیدوار کے کوائف/مضمون یا تبدیلی گروپ کے تمام کالم مکمل فیڈ ہو چکے ہوں۔ اگر داخلہ فارم کا پرنٹ بورڈ کو بھیج دیا گیا ہو اور بعد میں گروپ /مضامین کی تبدیلی کرنی ہو تو دوبارہ داخلہ فارم پرنٹ کر کے ہمراہ مکتوب بورڈ کو بھیجنا ہوگا۔ بصورت دیگر غلطی کی تمام تر ذمہ داری ادارہ/ طالب علم پر ہوگی۔ کسی قسم کا مینول فارم پرانی طرز کا **یا** مینول چالان/ رسید پر جمع شدہ فیس قابل قبول نہیں ہوگی۔

11 تبدیلی مرکز فیس-/3000 روپے، تبدیلی گروپ فیس-/3000 روپے اور تبدیلی مضمون-/1500 روپے فی مضمون مقرر ہے۔ تبدیلی گروپ/ مضامین کا پروسیس **Online** ہوگا اور داخلہ فیس جمع کرواتے وقت اُسی چالان پر یہ فیس بھی جمع کروانی ہوگی۔

12 ریگولر طلباء/ طالبات کی رول نمبر سلپس امتحان کے آغاز سے ایک ہفتہ قبل سربراہان ادارہ جات اپنے ادارہ کے **Online Account** سے حاصل کر سکیں گے۔ پرائیویٹ اُمیدواران بھی **Online** رول نمبر سلپس حاصل کریں گے۔

13 **Other Board** سے متعلق پرائیویٹ اُمیدواران اصل **NOC** مائیگریشن سرٹیفکیٹ + رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل ہارڈ کاپی کے ہمراہ ارسال کریں نیز **Verification** فیس مبلغ-/1000 روپے مقرر ہے جمع کروا کر اصل چالان/ بورڈ کاپی بھی ہارڈ کاپی کے ساتھ منسلک کریں۔ فیڈرل بورڈ یا دیگر کسی ایسے بورڈ سے جہاں جماعت نہم میں فہم القرآن مضمون کا امتحان نہ لیا جاتا ہو، سے جماعت نہم میں شمولیت کے بعد جماعت دہم میں بورڈ ہذا میں شمولیت کے لیے آنے والے امیدواران کو بورڈ ہذا کی پالیسی کے مطابق فہم القرآن دونوں پارٹ (نہم، دہم) میں شمولیت اختیار کرنا ہوگی۔

14 **Online** ایڈمیشن سے متعلق معلومات کے لیے ان فون نمبرز پر **05827-960070-960071** جبکہ **Rules** سے متعلق معلومات کے لیے فون نمبرز **05827-960004/ 960038** پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

15 بیرون ملک شہریت کے حامل طلباء و طالبات جو (امتحان کے آغاز سے قبل) مسلسل 3 سال تک بیرون ملک رہے ہوں، اُردو کے متبادل جغرافیہ آف پاکستان کا امتحان دے سکتے ہیں وہ بطور ثبوت اپنے پاسپورٹ کی مصدقہ نقل ہارڈ کاپی کے ساتھ منسلک کریں۔

16 ادیب/ عالم پاس بنیاد پر میٹرک کا امتحان دینے والے امیدواران صرف انگریزی یا چار مضامین (انگریزی، مطالعہ پاکستان، ریاضی، آرٹس کے اختیاری مضامین میں سے ایک مضمون جو عملی امتحان کا حامل نہ ہو اور زبان بھی نہ ہو) کا امتحان دیں گے۔

17 تنظیم/ وفاق/ رابطۃ المدارس کے تحت شہادۃ الثانویہ عامہ/ خاصہ پاس کی بنیاد پر میٹرک کا امتحان دینے والے امیدواران اُردو، انگریزی اور مطالعہ پاکستان کا امتحان دیں گے۔

18 شمار یہ نمبر 16 اور 17 کے حامل امیدواران نے ایک ہی نشست میں جماعت نہم، دہم کا امتحان دینا/ پاس کرنا ہوتا ہے۔ امیدواران چانس اور گریس مارکس کے بھی اہل نہ ہوں گے۔

19 ہر فیس داخلہ میں کشمیر لبریشن سیس (KLC) مبلغ-/2 روپے شامل ہے۔

20 ایسے امیدوار جنہوں نے جماعت نہم میں امتحان فرسٹ اینول 2025ء میں شامل ہو کر ایک یا زائد مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کئے یا غیر حاضر رہے اور اگلی کلاس جماعت دہم میں پروموٹ ہو چکے ہیں وہ ان مضمون یا مضامین میں سیکنڈ اینول امتحان 2025ء میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن اس کے ساتھ وہ کسی پاس مضمون یا مضامین میں بہتری نمبرات کے لیے شامل امتحان نہیں ہو سکتے۔

21 ایسے امیدواران جو جماعت نہم میں فرسٹ اینول 2025ء میں شامل ہوئے اور مکمل پاس ہو کر اگلی کلاس جماعت دہم میں پروموٹ گئے وہ بہتری نمبرات کے لیے کسی بھی مضمون یا مضامین میں سیکنڈ اینول 2025ء میں شامل ہو سکتے ہیں۔ ایسے امیدواران جماعت دہم کے امتحان میں بورڈ پوزیشن کے حقدار نہ ہوں گے۔

22 بہتری نمبرات کے لیے شامل امتحان ہونے والے امیدواران اگلا امتحان (انٹرلیول) پاس کرنے سے قبل تحت ضابطہ شامل امتحان ہو سکتے ہیں۔

23 بورڈ کیلنڈر باب 7 شق نمبر 8 کی ذیلی شق i کے مطابق کوائف پوشیدہ رکھ کر یا غلط کوائف کے ساتھ شامل امتحان ہونے والے امیدواران کا دیا گیا امتحان منسوخ کرنے کے علاوہ اگلے ایک امتحان کے لیے نا اہل بھی کیا جائے گا۔ خلاف ضابطہ/ قواعد یا دی گئی ہدایات کے مغائر شامل امتحان ہونے والے امیدواران کا دیا گیا امتحان منسوخ کر دیا جائیگا۔

**نوٹ:** امتحان ثانوی سیکنڈ اینول 2025 ریگولر/ پرائیویٹ اُمیدواران **Online** کے لیے ایڈمیشن کی ہدایات ایک کتابچہ کی صورت میں بورڈ کی ویب سائیٹ **www.ajkbise.edu.pk** یا **www.ajkbise.net** پر دستیاب ہیں اور با آسانی **Download** کر سکتے ہیں۔

(محمد مسعود چوہدری)

کنٹرولر امتحانات

05827-960004

نمبر بورڈ/ ثانوی امتحانات/ 10459-509/ 25/ مورخہ 13-08-2025

## نقل بالا بخدمت:

1۔ جناب سیکریٹری ہمراہ جناب صدر آزاد جموں و کشمیر مظفرآباد۔

2 پرنسپل سیکریٹری صاحب برائے وزیر اعظم (کنٹرولنگ اتھارٹی تعلیمی بورڈ) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

3۔ پرائیویٹ سیکریٹری صاحب ہمراہ جناب چیف سیکریٹری آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

4۔ جناب سیکریٹری تعلیمات کالجز/ سکولز آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

5۔ جناب سیکریٹری اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

6۔ جناب سیکریٹری پبلک سروس کمیشن آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

7۔ جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

8۔ پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب چیئر مین بورڈ۔

9۔ جناب ناظم اعلیٰ تحقیق و ترقی نصاب آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

10۔ جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات سکولز زنانہ/ مردانہ آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد۔

11۔ سیکریٹری صاحب IBCC G-10/4 اسلام آباد۔

12۔ سیکریٹری صاحب پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئر مین کیمپ آفس انٹر میڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ لاہور۔

13۔ محترمہ سیکریٹری صاحبہ بورڈ۔

14۔ جملہ آفیسران بورڈ۔

15۔ محترمہ سسٹم انالسٹ صاحبہ کمپیوٹر سیکشن بغرض Up-loding و ضروری کارروائی۔

16۔ منیجر صاحبان HBL مین برانچ میرپور/ بھمبر/ کوٹلی/ سدھنوتی/ حویلی/ پونچھ/ باغ/ جہلم ویلی/ نیلم/ مظفرآباد بغرض اطلاع۔

17۔ کنٹرولر صاحب امتحانات فیڈرل بورڈ اسلام آباد/ تعلیمی بورڈ راولپنڈی/ سرگودھا/ گوجرانوالہ/ ملتان/ بہاولپور/ فیصل آباد/ لاہور/ ڈیرہ غازی خان/ سکھر/ حیدرآباد/ ثانوی بورڈ کراچی/ انٹر بورڈ کراچی/ پشاور/ ایبٹ آباد/ سوات/ بنوں/ کوہاٹ/ آرمڈ سروسز بورڈ فار ہائیر ایجوکیشن GHQ راولپنڈی/ کوئٹہ/ آزاد کشمیر یونیورسٹی مظفرآباد/ MUST میرپور آزاد کشمیر۔

18۔ ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان کالجز ڈویژن میرپور/ مظفرآباد/ پونچھ۔

19۔ ڈویژنل ڈائریکٹر صاحبان سکولز ڈویژن میرپور/ مظفرآباد/ پونچھ۔

20۔ پرنسپل صاحبان/ صاحبات انٹر کالجز/ ڈگری کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز آزاد کشمیر۔

21۔ صدر معلمین صاحبان/ صدر معلمات صاحبات بوائز/ گرلز ہائی سکولز آزاد کشمیر۔

22۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان/ صاحبات (زنانہ/ مردانہ) جملہ اضلاع آزاد کشمیر۔

23۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب ڈسٹرکٹ میرپور/ مظفرآباد/ پونچھ/ سدھنوتی/ باغ/ کوٹلی/ بھمبر/ نیلم/ ہٹیاں بالا/ حویلی مرسل ہو کر تحریر ہے کہ یہ خبر مسلسل تین دن جملہ اخبارات میں تفصیل کے ساتھ نشر کروائی جائے۔

24۔ نمائندہ صاحبان PTV/APP/ آج/ جیو/ رائل/ سماء/ ARY/ دنیا/ ایکسپریس میرپور مرسل ہو کر تحریر ہے کہ یہ خبر بالتفصیل تین دن مسلسل نشر کروائی جائے۔

25۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/ تراڑکھل/ میرپور و انچارج صاحب اسٹیشن ریڈیو FM میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

26۔ علاقائی برانچز بورڈ مظفرآباد، راولاکوٹ آزاد کشمیر۔

27۔ نمائندہ صاحب روزنامہ جنگ/ نوائے وقت/ پاکستان/ خبریں/ صحافت/ اوصاف/ جناح/ دن/ آواز/ جموں و کشمیر/ ایکسپریس/ جذبہ/ محاسب/ اذکار میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔

28۔ داخلی تقسیم/ نوٹس بورڈ/ آفس کاپی۔

D/Taimoor Aslam /Online Schoulde Fee second Annual 2025